## مقدس الفونس مریادی لگیوری

خروج33:7-11.34:5-9.28 زبور :102

مقدس متی 43-30:13

**”اچھے بیج کا بونے والا ابنِ انسان ہے“۔مقدس متی 37:13**

خداوند یسوع مسیح کی تمثیلیں خود اس کی جانب سے بہت اہم قرار دی گئی ہیں۔اس لئے ہم انہیں بڑے دھیان سے سنیں۔اب وہ ایک تمثیل کو بیان کرتا ہے۔”ابنِ انسان“ وہ خود کے لئے استعمال کرتا ہے۔یہ وہ بیج بونے والا ہے۔ جو اچھا بیج بوتا ہے۔ یہ کہ اپنے پھل سے لوگوں کی پرورش کریگا اور انہیں زندگی دے گا۔اس لئے بیج کو قبول کریں۔ جو اس کا کلام ہے۔ اور ایک خزانے کی مانند ہے۔





## ورچلی کا مقدس یوسیبیو

خروج 35-29:34 زبور:98

مقدس متی 46-44:13

**”اس کے چہرے کی جلد چمکتی تھی۔“خروج 34-30**

موسیٰ پہاڑ سے اترتا ہے۔ جہاں وہ خداوند کو ملا اور اس کی سنی۔اس کے چہرے پر اس کا عکس ہے۔جس پر وہ دھیان کرسکا اور پیار کرسکا۔آپکا چہرہ بھی چمکے گا جب آپ کچھ دیر کے لئے اس کے سنگ رہیں گے۔کیا آپ ایسے نایاب اور مقدس لمحات کا شمار زیادہ نہیں کرنا چاہیں گے؟

خروج 38-34,21-16:40 زبور:83

## مقدس متی 53-47:13

## فرشتے آئیں گے اور نیکوں کو بدوں سے الگ کریں گے"۔ مقدس متی 49:13

خُداوند یسوع مسیح ایک اور تمثیل سمجھاتا ہے۔ ماہی گیروں کا ایک جال ہر قسم کی مچھلیاں پکڑ کر کنارے تک لاتا ہے بُری اور اچھی سب۔ ایک ساتھ ان میں سے انتخاب کرنا پڑے گا۔ یسوع مسیح کہتا ہے۔ کہ اسی طرح خُدا کی بادشاہی جس میں ہر قسم کے انسان آئیں گے۔ خدا کے فرمانبردار اور دوسرے اپنی جبلت کے فرمانبردار اور ان میں کون پرکھ کرے گا؟ ہم نہیں بلکہ خداوند کے فرشتے۔ ہم کسی کو رد نہیں کریں گے خاص طور پر جو ہمارے زیادہ قریب اور وہ بھی جو ہمیں یہ نمونہ دے سکتے ہیں۔





## مقدس جان میری ویانی

اَحبار 37-34,27,16,15,11-4-1:23 زبور:80

## مقدس متی 58-54:13

## "اس نے یہ حکمت کہاں سے پائی؟" مقدس متی 54:13

ناصرت کے رہنے والے لوگ یسوع مسیح کو اچھی طرح جانتے تھے۔ وہ پریشان تھے۔ وہ سمجھتے تھے کہ وہ یسوع مسیح کو جانتے ہیں لیکن ابھی تک انہیں یہ معلوم نہیں تھا کہ وہ خدا کا بیٹا ہے۔ اس کی محبت کی بھرپوری سے ان کے لئے بھی دکھ اٹھانا اور زندہ ہونا ضروری ہے۔

## مقدسہ مریم کے بڑے گرجے کی تقدس

اَحبار 17-8,1:25 زبور:66

مقدس متی 12-1:14

**''یہ یوحنا بپتسمہ دینے والا ہے۔ جو مردوں میں سے جی اُٹھا ہے اِس لئے اس کے پاس معجزے کرنے کی قدرت ہے''۔مقدس متی 2:14**

ہیرودیس جس نے یوحنا کو قتل کروایا تھا سمجھ نہیں پا رہا ہے۔ کہ یہ وہی یسوع ہے جو معجزات کرتا اور شفا دیتا ہے۔ وہ شکر گزاری کے لئے نہیں بھیجتا کہ وہ اُسکی رعایا کو شفا دیتا ہے۔ لیکن وہ صرف یہ سوچتا ہے کہ کس طرح اس پر آنکھ رکھی جاسکتی ہے تاکہ اُس پر الزام لگایا جاسکے۔





## مسیح خداوند کی تبدیلیِ صورت

دانیال 14-13,10-9:7 زبور96

2 پطرس 19-16:1 مقدس متی 9-1:17

**''یہ میرا بیٹا ہے المحبوب''۔مقدس متی 5:17**

یہ آواز سننے کو اپنے کان کھولیں۔ جو کہ ایک آدمی کے منہ سے نہیں نکلی لیکن بادل میں سے جہاں بولنے والا پوشیدہ ہے۔ ایک باپ پیار کرنے کے قابل۔ ہم یسوع مسیح کو قبول کریں گے اور اس کی سُنیں گے جو پیار کرنے کے قابل بیٹا ہے۔ اسے پیار کریں۔ جو دنیا کے سب خزانوں سے بڑھ کر ہے۔

## مقدس سکٹس پاپائے اعظم دوم اور ساتھی شہید

عدد 15-4:11 زبور:80

### مقدس متی 36-22:14

**"وہ جھیل پر چلتے ہوئے ان کی طرف گیا۔" مقدس متی 25:14**

کون سمندر کے پانیوں پر چلنے کے قابل ہے؟ شاگردوں کے لئے حیران کن بات ہے۔کل کے دیکھے ہوئے معجزے کے بعد یہ حیرت انگیز کام ان لوگوں کے لئے خوف کا باعث ہے جنہیں معلوم نہیں کہ وہ کون ہے۔ جو یہ سب کر رہا ہے۔شاگردوں کو یہ جاننا پڑے گا۔کہ ان کا استاد تمام کائنات اور پانی کا خالق ہے۔جو ان کے دلوں کا بھی مالک بن جائے گا۔





## مقدس دومنیک کی عید

عدد 13-1:12 زبور:50

### مقدس متی 36-22:14

**"سنو اور اچھی طرح سمجھو۔" مقدس متی 10:15**

یسوع مسیح جو سکھاتا ہے۔ وہ بہت اہم ہے۔اس کو دھیان سے سنیں گے اپنے ذہن کو استعمال کرتے ہوئے۔گندے ہاتھ آپ کو گناہگار نہیں ٹھہراتے بلکہ ہمارے بڑے اور خود غرض خیالات ضرور ہمیں گناہگار ٹھہراتے ہیں۔

## مقدسہ ٹریضہ بینا ڈکٹہ، مقدسہ ایڈتھ سٹائن

ہوشیع 22-21,17-16:2 — زبور:44

مقدس متی 13-1,25

**"اس لئے جاگتے رہو۔" مقدس متی 13:25**

یورپ کی ساتھی مربی کی عید مناتے ہوئے عقلمند اور بے عقل کنواریوں کی تمثیل سنیں۔ یسوع مسیح جو آتا ہے۔ اس کے ملنے کی تیاری بڑی عقلمندی سے ہونی چاہیئے۔ اس کے لئے ہمیں آرام دہی اور اپنی ذمہ داریوں سے بے دھیان نہیں ہونا چاہیے نہ ہی دلہے کو آنکھوں سے اوجھل ہونے دینا ہے۔ وہ ضرور آئے گا۔ اور وہ چاہتا ہے کہ ہم اس کے ساتھ ہوں۔ اسی کی طرف ہمارا پورا دھیان ہو۔ اگر چہ وہ ہمارے پہلو میں نظر نہ آئے۔





## مقدس لارنس شہید

2 قرنتیوں 10-6:9 — زبور: 111

مقدس یوحنا 26-24:12

**"اگر کوئی میری خدمت کرے تو باپ اس کی عزت کریگا"۔ مقدس یوحنا 26:12**

مقدس لارنس نے خداوند کی خدمت کی۔ کس طرح؟ اس نے خود کو خدا کی کلیسیا میں خدمت کے لئے پیش کرتے ہوئے زیادہ ضرورت مند اور بے کس لوگوں کی فکر کی۔ اور یہ اس نے خوشی سے کیا۔ اور خوشی کی زندگی سے دستبردار ہوا اور خداوند یسوع مسیح کو غریبوں میں پایا اور اُن کی خدمت کی۔

## مقدس کلارا

تشنیہ شرع 40-32:4 زبور: 76

مقدس متی 28-24:16

**'' ابنِ انسان اپنے باپ کے جلال میں آنے کو ہے''۔ مقدس متی 16 : 27**

ابنِ انسان اپنے وفادار خدمت کرنے والوں کو انعام دینے آتا ہے۔ دراصل ایسے لوگ ہیں۔ جو اپنی صلیب اس کی محبت کی خاطر اٹھا کر اس کی پیروی کرتے ہیں۔کون جانے کتنا بڑا انعام ہوگا۔ان لوگوں میں سے ایک ہے جس سے متعلق یسوع اس کے خداوند کو دیکھے بغیر سوچا بھی نہیں جا سکتا۔





## مقدسہ جین فرانس دی شنتال

تشنیہ شرع 13-4:6 زبور: 17

مقدس متی 17-14:17

**''اسے یہاں میرے پاس لاؤ۔'' مقدس متی 17:17**

پہلی نظر میں وہ نوجواں مرگی زدہ لگتا ہے۔لیکن جب وہ یسوع مسیح کے قریب آتا ہے تو پتہ چلتا ہے کہ وہ آسیب زدہ ہے۔ شاگرد اس کو حل نہیں کر سکتے۔ اسے یسوع کے پاس ہی لانا ہوگا۔اس دفعہ یسوع مسیح بیمار کے پاس نہیں جاتا۔ وہ انتظار کرتا ہے۔ کہ اسے اس کے پاس لایا جائے۔اس کے باپ کو ایمان کا تجربہ کرنا پڑے گا۔ بھلے کچھ لمحے کو لگتا ہے کہ اس میں ایمان کی کمی ہے۔ وہ یسوع کو اپنی درخواست سننے کو گویا مجبور کرتا ہے۔

## مقدس پنطیاں اور مقدس پپولیتوس

1 ملوک 19:9,11-13 زبور 84

رومیوں 9:1-5 مقدس متی 14:22-33

### ''میں ہی ہوں مت ڈرو۔'' مقدس متی 14:27

کچن میں کام کرتے ہوئے اکثر مجھے دھڑ کا لگا رہتا ہے۔ سب کچھ وقت پر تیار نہیں کر پاؤں گی۔ میں پھر یسوع پر بھروسہ رکھنے اور نہ ڈرنے کی کوشش کرتی ہوں۔ جیسے وہ خود کہتا ہے۔ میں اس کا شکر ادا کرتی ہوں کیونکہ ایسے میں وہ مجھے اپنی خامیوں کو بغیر کڑکڑائے قبول کرنے میں مدد کرتا ہے۔ اسی اثناء میں اپنے ہم نوالوں اور صبر سے انتظار کرنے والوں سے سیکھتی ہوں کہ یسوع مسیح کے ساتھ رہنے میں نا اُمیدی کی کوئی جگہ نہیں۔





## یومِ آزادی مقدس میکسی ملین کولبے

تشنیہ شرع 10:12-22 زبور: 147

مقدس متی 17:22-27

### ''یسوع مسیح نے کہا پس بیٹے بری ہوئے۔'' مقدس متی 17:26

بیٹے ٹیکس سے آزاد ہیں۔ یسوع مسیح خدا کا بیٹا ہے۔ اس لئے ہیکل کا ٹیکس ادا نہیں کر سکتا۔ لیکن کون جانتا تھا؟ وہ بحث نہیں کرنا چاہتا اور نہ ہی بدنمونہ دینا چاہتا تھا۔ کسی کو سمجھ نہیں آئے گی۔ اس لئے وہ خود بھی ٹیکس دیتا ہے۔ اور وہ اس سکے سے ادا کرتا ہے۔ جو پطرس نے جھیل سے پکڑی گئی مچھلی کے منہ میں پایا۔

## مقدسہ مریم کنواری کا آسمان پر اٹھایا جانا

مکاشفہ 10,6-1:12,19:11    زبور :44

1 قرنتیوں 27-20:15    مقدس لوقا 56-39:1

**”میری روح خداوند کی بڑائی کرتی ہے۔“ مقدس لوقا 46:1**

آج کی عید کی مانند کوئی بھی ایسی ایجاد نہیں کرسکتا۔ اسے منانے کے لئے آئیں۔ بہشت میں چلیں۔ سب سے پہلے یسوع مسیح ہے۔ جو خوش ہے۔ اور باپ کا شکر گزار ہے۔ جس نے اسے ایسی خوبصورت اور پاک ماں عطا کی۔ اور روح القدس باپ اور بیٹے کی خوشی سب مقدسین اور ہم پر نچھاور کرتا ہے۔





## ہنگری کا مقدس اسٹیفن

تثنیہ شرع 12-1:34    زبور 65

مقدس متی 20-15:18

**”جہاں دو یا تین میرے نام سے اکٹھے ہوں میں ان کے درمیان ہوں۔“ مقدس متی 20:18**

یہ نادر اور حیرت انگیز کلام ہے۔ کوئی یسوع مسیح کو نہیں دیکھتا۔ لیکن وہ موجود ہے۔ جیسے اس نے خود وعدہ کیا۔ کہاں! اس زمین پر؟ ہاں وہ ہم پر ظاہر کرتا ہے۔ جہاں انسانوں کے رشتے اس کی بنیاد پر بنے ہیں۔ وہ وہیں ہے جہاں کوئی دو انسان جو ایک دوسرے سے اس کی وجہ سے پیار کرتے ہیں؟ وہاں وہ ملے گا۔

یوشع 17-13,11,10-7:3

زبور:113

مقدس متی 1:19-21:18

**’’کیا تجھے بھی اپنے ساتھی پر رحم نہیں کرنا چاہیئے تھا؟‘‘مقدس متی 33:18**

سات دفعہ معاف کرنا؟ پطرس تو مبالغہ آرائی سے کام لے رہا ہے۔ لیکن تو نے کنجوسی کی حد کر دی۔ جو معاف کرتا ہے۔ وہ پیار کرتا ہے۔ اور جو پیار کرتے ہیں وہ انگلیوں پر نہیں گنتے کہ کتنی دفعہ پیار کرتے ہیں۔





## مقدس آگاپیتو شہید

یوشع 13-1:24

زبور:135

مقدس متی 12-3:19

**’’جسے خدا نے جوڑا ہے اُسے انسان جدا نہ کرے۔‘‘ مقدس متی 19 : 6**

ہر نکاح پر پریسٹ یہ الفاظ دہراتا ہے۔ اور مبارک ہیں وہ میاں بیوی جو اس کلام کی وفاداری کرتے ہیں۔ آدمی اور عورت کی بُری عادتیں خدا کے دیئے گئے اتحاد پر اثر انداز نہیں ہوسکتیں۔ بلکہ میاں بیوی کچھ ایسے احساسات اور خواہشات سے انکار کریں۔ جو خدا کے اس کام کو توڑنے کی کوشش کریں۔

## مقدس جان یُودس

یوشع 29-14:24 زبور:15

مقدس متی 15-13:19

**"کچھ بچے یسوع مسیح کے پاس لائے گئے۔" مقدس متی 13:19**

میاں بیوی کے بعد بچے۔ ان کا بھی خاندان میں کلام کا حق ہے۔ وہ بولتے نہیں۔ لیکن ان کی خواہشات ماں باپ کے انتخاب میں خاص وزن رکھتی ہیں۔ خصوصاً جب وہ اپنا اتحاد اور بھروسہ شکوک وشبہات میں ڈالتے ہیں۔ یسوع مسیح بچوں کو برکت دیتا ہے۔ تاکہ وہ اپنے والدین کو متحد رکھنے کے مشن میں حصہ لیں۔





## مقدس برنارڈ

اشعیا 7-6,1:56 زبور:66

رومیوں 32-29,15-13:11 مقدس متی 28-21:15

**"اے خاتون تیرا ایمان بڑا ہے۔" مقدس متی 28:15**

اس عورت کی بیٹی آسیب زدہ ہے۔ لیکن کچھ لمحے کے بعد شیطان اپنے گھر میں نہیں رہ سکتا۔ وہ مطمئن نہیں کیونکہ ماں کے ایمان کی بدولت یسوع مسیح داخل ہو گیا ہے۔ اور دشمن کو بھاگ جانا چاہیئے۔

## مقدس پائس دہم پوپ

قضات 2:11-19 | زبور: 105

### مقدس متی 19:16-22

**'' جو تیرے پاس ہے بیچ دے تو آسمان پر خزانہ پائے گا۔'' مقدس متی 19 : 21**

یسوع مسیح ایک شخص کو جواب دیتا ہے۔ جو کہ ابدی زندگی میں داخل ہونے کا خواہشمند ہے۔ حکموں پر عمل کر اور اگر کامل ہونا چاہتا ہے۔ تو میرے پیچھے ہو لے۔ یسوع مسیح میں ایمان رُکھتا ہوں کہ تو ہی ہمیشہ کی زندگی ہے۔ میں وہ سب چھوڑتا ہوں جو مجھے تیرے ساتھ رہنے، تیری فرمانبرداری اور تجھے پیار کرنے میں رکاوٹ ڈالتا ہے۔





## مقدسہ مریم ملکہِ دوعالم

قضات 6:11-24 | زبور: 84

### مقدس متی 19:23-30

**''بہت سے جو آخر ہیں۔ اوّل ہو جائیں گے۔'' مقدس متی 19:30**

یسوع مسیح نے امارت کے معاملہ میں اپنے شاگردوں کی تربیت کی۔ یہ ایک مہلک خطرہ ہے جو ہمارے سارے دِل کو اپنی لپیٹ میں لے سکتا ہے اور یسوع مسیح کی جگہ چھین سکتا ہے۔ جو خود کو اپنی ملکیت کے لئے اہم سمجھتا ہے۔ اِسے اپنی جگہ ان کو دینا ہو گی جن کے پاس اس دُنیا کا کچھ نہیں۔ لیکن آسمان کی بادشاہی کا سب کچھ ہے۔ خود بادشاہ اس کی ملکیت ہے۔

## لیما کی مقدسہ روز

**قضات 9:6-15** **زبور:20**

### مقدس متی 20:1-16

### "کیا تو اس لئے بُری نظر سے دیکھتا ہے۔ کیونکہ میں نیک ہوں"۔ مقدس متی 20:15

یسوع مسیح اپنی پہچان کے لئے ایک تمثیل بیان کرتا ہے۔ اِس کے لئے کام کا نتیجہ کوئی اہمیت نہیں رکھتا۔ لیکن وہ خوشی جو انہیں اس کے کاموں سے ہوتی ہے۔ اگرچہ صرف آخری گھڑی میں یہ اس کے لئے بے حد اہمیت کا حامل ہے اور دوسرے اگر اس کی محبت کی پیروی نہیں کرتے جو انہیں ملتا ہے۔ اس سے بھی خوش نہیں ہوتے۔ حسد ہر خوشی کو ختم کر دیتا ہے۔





## مقدس برتلمائی رسول

**مکاشفہ 21:9-14** **زبور:144**

### مقدس یوحنا 1:45-51

### "اے اُستاد تُو خدا کا بیٹا ہے"۔ مقدس یوحنا 1:49

نتھانئیل جس کا دوسرا نام "کسان کا بیٹا" ہے یعنی برتلمائی کو خطرہ مول لینا پڑے گا۔ اس کا خیال تھا کہ ناصرت سے کوئی نبی نہیں آسکتا۔ اور اب اسے احساس ہوتا ہے۔ کہ یسوع مسیح تو اسے بڑی گہرائی سے جانتا ہے۔ صرف خدا ہی اس طرح جان سکتا ہے۔ اب بالکل واضح ہے کہ یسوع مسیح صرف نبی ہی نہیں بلکہ وہ جس سے متعلق نبیوں نے کہا تھا کہ ہمارے درمیان خدا کی زندگی بسر کر رہا ہے۔

## مقدس لوئیس، کالاسانز کا مقدس یوسف

**راعوت 22,16-14,6-3,1:1 زبور: 145**

**مقدس متی 40-34:22**

**’’سب سے بڑا حکم کونسا ہے؟ ۔۔۔۔ تو خداوند اپنے خدا کو پیار کر‘‘۔ مقدس متی 37:22**

بڑا؟ صرف بڑا ہی نہیں۔ بلکہ یکتا، کہا جا سکتا ہے۔ اسی پر خدا کی خواہشات اور تعلیمات کی بنیاد ہے۔ خدا خود محبت ہے۔ اور اس کی خواہش ہے کہ ہم خوشی میں رہیں۔ جو کہ ہمارے دل میں اس وقت آتی ہے جب ہم اس کی مانند پیار کرتے ہیں۔





**راعوت 17-13:4,11-8,3-1:2 زبور: 127**

**مقدس متی 12-1:23**

**’’صرف ایک تمہارا استاد ہے۔‘‘ مقدس متی 8:23**

آسمان کی بادشاہی کے قوانین اس زمین کے قوانین کے برعکس ہیں۔ آسمان کی بادشاہی میں حلیمی سب سے پہلے ہے۔ جو کہ فرمانبردار بیٹے کی ہے۔ سب خود کو دوسروں کی خدمت کرنے والی جگہ پر رکھتے ہیں۔ ایک دوسرے سے مقابلہ کرنے کے لئے کہ کون سب سے زیادہ کرتا ہے۔ کوئی القابات اور عزت کا متلاشی نہیں ہوتا۔ کیونکہ یہ سب خدا کے بیٹے کا ہے۔

## مقدسہ مونیکا

اشعیا 22:19-23 زبور: 137

رومیوں 11:33-36 مقدس متی 16:13-20

**''میں تجھے آسمان کی بادشاہی کی کنجیاں دونگا''۔ مقدس متی 16:19**

یسوع مسیح پطرس کو آسمان کی بادشاہی کو کھولنے اور بند کرنے کی اجازت دیتا ہے۔ معلوم نہیں کیوں میرے دل میں ان نوجوانوں کا خیال آرہا ہے۔ جو گھنٹوں ڈسکو میں بند رہتے ہیں۔ ان کے مقدس پطرس دروازے کھول سکتا ہے تاکہ جس خوشی کے متلاشی ہیں اسے حاصل کرسکیں۔ یسوع مسیح ان کے دلوں کو پیار کرنے اور پیار پانے کی خوشی سے بڑے حیرت انگیز طریقے سے بھر سکتا ہے اور یہ نئی موسیقی انہیں ڈانس کرنے اور ان کی آنکھوں کو چمکتے چراغ بنا سکتا ہے۔





## مقدس آگستین

1 تسالونیکیوں 1:2-5,8-10 زبور: 149

مقدس متی 23:13-22

**''اس واسطے کہ وہ آپ ہمارا ذکر کرتے ہیں۔۔۔تاکہ زندہ اور سچے خُدا کی عبادت کرو۔'' 1 تسالونیکیوں 1:9**

مقدس پولوس رسول تسالونیکی شہر کے لوگوں کی تعریف کرتا ہے۔ ان کا یسوع کی طرف لوٹ آنا حقیقی تبدیلی ہے۔ اس نے ان کے جینے کا انداز بدل کر رکھ دیا۔ یہاں تک کہ انہوں نے اپنی ساری برائیاں جو دیوتاؤں سے حاصل کی تھیں سب چھوڑ دیں اَور ان کے جینے کے نئے انداز نے بے دینوں کو بھی حیران کر دیا ہے۔

## مقدس یوحنا بپتسمہ دینے والے کی شہادت

**ارمیا 1:17-19** **زبور: 70**

**مقدس مرقس 6:17-29**

**"میں تجھے بچانے کے لئے تیرے ساتھ ہوں۔" ارمیا 1:19**

خدا ارمیا کو اپنی قوم سے بات کرنے کو بلاتا ہے۔ جنہوں نے بے وفائی کی اور سزا کے لائق ہیں۔ وہ سب اس کے خلاف ہونگے۔ اور اس کے سب دشمن بن جائیں گے لیکن اسے کسی کا خوف نہیں ہوگا۔ کیونکہ خداوند خود اسے ان کے ہاتھوں میں نہ دینے کی ذمہ داری لے گا۔ یہ وعدہ میرے لئے بھی ہے۔ جب میں خداوند کا وفادار ہونگا۔





**1 تسالونیکیوں 2:9-13** **زبور: 138**

**مقدس متی 23:27-32**

**"ہم نے تمہیں خدا کی انجیل سنائی ہے"۔ 1 تسالونیکیوں 2:9**

مقدس پولوس رسول اور سلوانس تسالونیکی کے مسیحیوں کو ان کے ساتھ گزارہ ہوا وقت یاد دلاتے ہیں۔ انہوں نے جو خداوند کی محبت یسوع میں آشکارہ ہوئی اس کی خوشخبری سنائی۔ اور انہیں اپنے کام کے ذریعے زندگی بسر کرنے کے مواقع بھی مہیا کئے۔ ان کی غریبی کی زندگی انہیں خداوند کے وفادار رہنے میں مددگار ہوگی۔

**1 تسالونیکیوں 3:7-13** **زبور:89**

**مقدس متی 24:42-51**

**''جاگتے رہو۔ کیونکہ تمہیں معلوم نہیں خداوند کب آئیگا۔'' مقدس متی 24:42**

اے خداوند یسوع مسیح تو ہمیں اپنی اگلی آمد کے لئے یاد دلاتا ہے۔ایسا لگتا ہے کہ آپکو آکر ملنے کی آرزو ہے جیسے ہمیں بھی آپکو ایک ایسا ماحول پیش کرنے کی خواہش ہے جو خوبصورت اور محبت سے بھرپور ہو۔ ہم باہم بھائیوں کی طرح رہیں گے۔نہ صرف خواہش کیا ہوا ماحول بلکہ جہاں حقیقی طور پر صرف محبت اور بھائی چارہ راج کرے گا۔

---------------------------------------

---------------------------------------

---------------------------------------

---------------------------------------

---------------------------------------

---------------------------------------

---------------------------------------